F.6-4 (Edit)/2021 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Education, Department of Higher Education

Government of India

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 25/09/2021

جدید ترین تدریسی طریق کار سے جڑ کر ہی تعلیمی نظام کو معیاری بنایا جا سکتا ہے: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

جموں وکشمیر: اساتذہ قوم کے معمار اور طلبا کے مستقبل کا خوبصورت عنوان ہیں۔ انہی اساتذہ کی محبتوں اور محنتوں سے طلبا تاریخ کے زریں صفحات پر اپنا نام درج کرانے میں کامیاب ہوتے ہیں۔ یہی اساتذہ ہیں جو طالب علموں کی کامیابی کا روڈ میپ تیار کرتے ہیں۔ طلبا کے روشن مستقبل کا دارو مدار انہی اساتذہ کی تعلیم و تدریس پر ہے۔ اس لیے ہر ملک اور ہر سماج میں اساتذہ کو بہت بلند مقام حاصل ہے۔ ان خیالات کا اظہار قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے انجمن فروغ اردو جموں کشمیر چرار شریف کے زیر اہتمام منعقدہ تربیت اساتذہ ورکشاپ میں کیا۔ ڈائرکٹر نے مزید کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں تدریس کے حوالے سے جو نکات و اشارات موجود ہیں، ان پر اساتذہ کو سنجیدگی سے توجہ دینے اور عمل کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ تدریس کو موثر اور مفید بنائے بغیر تعلیمی نظام کو بہتر نہیں کیا جا سکتا۔ دنیا کے بہت سے ترقی یافتہ ممالک میں تدریس کے جدید ترین طریق کار پر عمل کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے ان ممالک کا تعلیمی نظام بہت بہتر ہے۔ ہمیں بھی جدید ترین تدریسی نظام سے جڑ کر تعلیم کو اعلیٰ اور معیاری بنانا ہوگا۔

ڈائرکٹر شیخ عقیل احمد نے کہا کہ تعلیم اور تدریس کو معیاری اور جدید ترین مطالبات اور تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اساتذہ کی تربیت لازمی ہے کیونکہ بہت سے اساتذہ تربیت نہ ہونے کی وجہ سے طلبا سے صحیح طور پر انٹریکشن اور کمیونیکیشن نہیں کر پاتے۔ ایسے اساتذہ کے لیے اس طرح کا ورکشاپ نہایت کارگر ثابت ہوگا کیونکہ اس ورکشاپ میں وہ تدریس کے نئے طریق کار سے بھی واقف ہوں گے اور انھیں بہت سے نئے تدریسی نکات سے بھی آگہی حاصل ہوگی۔ آج اساتذہ کی تربیت پر حکومت اور عصری جامعات کے ارباب حل وعقد سنجیدگی سے توجہ دے رہے ہیں اور بیشتر جامعات میں اساتذہ کی ٹریننگ کا اہتمام کیا جاتا ہے لیکن ابتدائی سطح پر اردو درس و تدریس سے وابستہ اساتذہ کی تربیت کا کوئی معقول انتظام نہیں ہے۔ اس لیے میں انجمن فروغ اردو کے عہدے داران اور اراکین کو مبارک باد دیتا ہوں کہ انھوں نے اردو زبان کے مستقبل کو تابناک اور روشن بنانے کے لیے اس تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا ہے۔ یقینی طور پر اس سے ابتدائی سطح کے اردو اساتذہ کو بہت فائدہ حاصل ہوگا اور وہ بہتر انداز سے طلبا سے کلاس روم میں مخاطب ہونے میں کامیاب ہوں گے کونسل یہ چاہتی ہے کہ اساتذہ کا یہ سلسلہ وقفہ وقفہ سے جاری رہے ہماری اردو کونسل اس سلسلے میں ہر قسم ہمہ وقت تیار ہے۔ میں اس موقع پر ان اساتذہ کو مبارک باد دیتا ہوں جنھوں نے اس ورکشاپ میں شریک ہو کر اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے انجام دینے کا عزم کیا ہے۔ میں ان کے عزم اور جذبے کو دل سے سلام کرتا ہوں۔

(رابطہ عامہ سیل)